Music By S. D. Burman

راج رشی پکچرز کا

[illegible]

اداکاران

دیو آنند۔ شاردا

رادھا کشن۔ ہیرا لال

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

[illegible]

گانے
ایک کے بعد ایک نئے

گانا نمبر ۱

چھپ چھپکنے پہ شکنے پہ لبھانے کی ادا
تو وہی ہے کہ نہ رہی ہے، ہم جھکانے کی ادا
ٹھمک ٹھمک ہائے چلی ہے تو کدھر
کب سے تیری خاطر پھرتا ہوں میں دربدر
منہ چھپانا ظلم ڈھانا آزمانا چھوڑ دے
مِل گئے دِل کھِل گئے دِل، اب ستانا چھوڑ دے
تو حسین ہے نازنین ہے
یہ تو ہے دِل کو یقین
آنکھ اٹھا کر دیکھ دلبر کچھ برے ہم بھی نہیں
گنگناتی مسکراتی لوٹ آئی ہے بہار
لے گئی تھی ایک کلی
اور پھول لائی ہے بہار

گانا نمبر ۲

آؤ یارو آؤ پیارو دیکھو کھیل نرالا
رُم سے یاری کرتا ہے انسان کو ٹھگنے والا
ہاں ایسے بگلا بھگتوں سے
تم بچ کے رہنا جی
ہاں ایسے سنت مہنتوں سے تم بچ کے رہنا جی

سنو بھائی نیت کھوٹی
ارے کھوٹے ہمارے دھندے
اُلٹ کا سر کھمبل لگا رہیں نفرت کے یہ بندے
ہاں اُن کے کھوٹے دھندوں سے
تم بچ کے رہنا جی
دن پیار کے ملنے کی کہیں راتیں
چھوڑو جی چھوڑو بیا دنیا کی یہ باتیں
نظر ملائی تو دنیا سے ڈرنا کیا
ہمیں محبت میں جینا ہے مرنا کیا
یہ زندگی تیری ہے دیوانے
دِل کی لگی، دِل ہی پہچانے
ہاں دِل مِل گئے اُنکا غم کا ڈیرا
مانے نہ مانے کوئی ہیں تیری تو میرا
ہم تب ملیں تو بیچ جب دیواریں
جیتے خوشی سارے غم ہارے
اس راہ میں دھیرے دھیرے جانا
کانٹوں پہ چلنا ہوگا، چل کے رک نہ جانا

گانا نمبر ۳

بتاؤ کیا کروں گی میں جو غم کی رات آئے گی
جو غم کی رات آئے گی
میں چاند بن کے آؤں گا

تمام رات خواب میں تمہارے جگمگاؤں گا
دکھا سکو گے خواب کیا
جو نیند ہی نہ آئے گی
نہ آ سکے نیند تم نہیں
میں نیند بن کے آؤں گا
اور آ کے ان گلابی آنکھوں کو چوم جاؤں گا
جو نیند ٹوٹ جائیگی جو صبح ہی جگائے گی
میں چوری چوری صبح کو
ہوا کے ساتھ آؤں گا
اور ان گھنی گھنی لٹوں میں
پھول گوندھ جاؤں گا
جو صبح بیت جائیگی جو دھوپ تن جلائے گی
جو دھوپ تن جلائے گی
گھٹائیں لے کے آؤں گا
بھگوؤں گا تمہیں بھی اور خود بھی بھیگ جاؤں گا
یہی انتظار میں یوں ہی یہ عمر بیت جائے گی
یہ انتظار کی گھڑی کہے گی بات بات میں
مگر یہ شرط ہے یوں ہی
رہے یہ ہاتھ ہاتھ میں

تبسم

نہ نیل اور بانی نہ تھا بو سہا پہر

دیئے کیوں جلائے چلا جا رہا ہے
اُجالوں کو تیرے سیاہی نے گھیرا
نگل جائے گا روشنی کو اندھیرا
چراغوں کی لو پر دھواں چھا رہا ہے
دیئے کیوں جلائے ۔
نہ دے دوش بھگوان کو بھولے بھالے
خوشی کی تمنا میں غم تو نے پالے
تو اپنے کیے کی سزا پا رہا ہے
دیئے کیوں جلائے ۔
تیری بھول پر کل یہ دنیا ہنسے گی
لشانی پر اک داغ بن کر رہے گی
اُبھرنے کی خاطر مٹا جا رہا ہے
دیئے کیوں جلائے ۔

بھیرو

چلی یہ فوج ہماری رے۔ چھڑی لڑائی بھاری رے
وردی پہنی چوہوں نے، مینڈک بینڈ بجاتے ہیں
تتلی کے رتھ پر بیٹھے۔ لڑنے بھڑنے جاتے ہیں
ہر قدم پر جگنوں نمنوں۔ مٹھائی کھاتے ہیں
ہاتھی سارے باندھ دیئے۔ ننھی چیونٹی کے پر میں
بلوں کی چھتری سے اترے۔ پریوں کے گھر میں
پھر کسی کو پکڑا، پکڑا، کسی کو پل بھر میں

اب سے مرغی پالے گی۔ بچے کالی بلی کے
لڑنا لڑنا بات بڑی، کہیں سیانے دلی کے
کیوں یہ گولی کھاتا ہیں، پائیں جو لڈو تلی کے

نمبر ٦

ہاتھ پسار رہتے رہتے سب کو صدائیں دیتے ہیں
ہمکو پیدا کرنے والو تمکو دعائیں دیتے ہیں
اپنے سے بڑوں کو کہنا سننا
چھوٹا منہ اور بات بڑی
جیون ہم نے کب مانگا تھا
جس کی سزائیں دیتے ہیں
ان سے ان سے مل جاتا ہے
کوئی ٹکڑا روٹی کا
درد ہمیں انہوں نے دیا ہے
غیر دعائیں دیتے ہیں
چوری کرنا مانگنا کھانا
الٹی سیدھی سنتے جانا
فاقے بھولے بچپن کو
یہ کیسی ادائیں دیتے ہیں

ختم شد



جو مانگوگے ملیگا

ایک ہزار روپے انعام

اب آپ کسی طرف سے مایوس نہ ہوں آپکے سب کام پورے ہوجائینگے شب شبھ مہورت میں تیار کی ہوئی اس تانترک انگوٹھی کو انگلی میں پہن کر آپ جس سنگدل عورت یا مرد کا نام لیں گے وہ دیکھتے ہی دیکھتے آپکے بس میں ہوجائیگا اس کی زیادہ تعریف کرنا سورج کو چراغ دکھانا ہے آپ جسے چاہتے ہیں وہ جہاں کہیں بھی ہو، سات سمندر چاند، سات توے توڑ کر آپکے قدموں میں حاضر ہوگا کھوٹا اور دشمنی کو چھوڑ کر آپکے حکم کی تعمیل کریگا پسند کی شادی ہوگی خوبصورت عورت ملیگی، مردہ روحوں سے بات چیت ہوگی، زر گوڑی زمین میں گڑی ہوئی دولت خواب میں نظر آئے گی، مقدمہ میں جیت ہوگی امتحان میں پاس ہونگے، بیروزگار ہیں روزگار ہوگا اور ناقص گرہ شانت ہونگے، بدقسمتی دور ہوگی، خوش قسمتی مل جائیگی، زندگی سکھ شانتی سے بسر ہوگی۔ تانترک انگوٹھی ۱۵/۱ اسپیشل تین روپیہ اسپیشل پاور فل تین روپیہ [illegible] جس کام [illegible] گھنٹہ میں فوراً اثر ہوتا ہے سورج مشرق کے بجائے مغرب سے نکل سکتا ہے لیکن اس تانترک انگوٹھی کا اثر کبھی خالی نہیں جاتا ٹھیک نہ ہونے پر دام بھی کی گارنٹی ہے، غلط ثابت کرنے والے کو ایک ہزار روپے نقد انعام۔

رام پرشاد اناوہ، موہن لال کانپور سے لکھتے ہیں کہ راج جیوتشی پنڈت دیو دت شاستری تانترک آچاریہ جالندھر سٹی سے منگائی ہوئی تانترک انگوٹھی سے میرا کام پورا ہوا جو بیشمار کوششوں سے نہ ہوسکا تھا اس طرح بہت سے تعریفی خط آتے ہیں سینکڑوں سرٹیفکیٹ موجود ہیں ایکبار آپ بھی آزمائش کریں۔

راج جیوتشی پنڈت دیو دت شاستری تانترک آچاریہ آر۔ ڈی

جالندھر سٹی

[illegible] پریس دہلی ۹-۵-۶۰